Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات کراچی

UIC
PAKISTAN

دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

پیکرا کی جانب سے AA قرار شدہ

نوٹس برائے 60 واں سالانہ اجلاس عام

ذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کا 60 واں سالانہ اجلاس عام بروز پیر مورخہ 27 اپریل 2020 کو صبح 10:00 بجے بمقام کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع روم نمبر 204، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور

1۔ کمپنی کے 59 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 29 مارچ 2019ء کی کارروائیوں کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

3۔ مورخہ 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونیوالے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹر میسرز الیاس سعید اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے سبکدوش ہونے کے بعد اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔

خصوصی امور

4(a۔ مورخہ 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے جانے والے لین دین کے معاملات کی توثیق اور منظوری کیلئے مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلا ترمیم اجازت دینا۔

قرار پایا کہ ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے جانے والے لین دین کی نوٹ 33 اور 36 کے مطابق توثیق، تصدیق اور منظوری دینا۔

4(b۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ مورخہ 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی انجام دہی کی منظوری کیلئے مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی ترمیم یا بلا ترمیم اجازت دینا۔

قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ مورخہ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونیوالے مالیاتی سال کیلئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ ہر معاملے کی تحت لین دین کی انجام دہی کی منظوری دینا۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ کی جانب سے کئے گئے لین دین کے اقدامات کو حصص یافتگان کی طرف سے منظور سمجھا جائیگا اور آئندہ سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ توثیق/منظوری کیلئے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائیگا۔

5۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ ہر 100 شیئرز کیلئے 13.4172 شیئرز کی تناسب سے یعنی 13.4172 فیصد بونس شیئرز کے اجراء کیلئے غور و خوض اور منظوری دینا اور اگر موزوں سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں کی ترمیم یا بلا ترمیم اجازت دینا۔

قرار پایا کہ 31 دسمبر 2019ء کو تصرف کیلئے موجودہ منافع میں سے مبلغ-/348,983,180 روپے کی رقم یعنی 10 روپے مالیت کے عمومی شیئرز کے مکمل ادا شدہ بونس شیئرز (B-25) کے تحت 13.4172 فیصد یعنی 13.4172 کے تناسب سے ہر 100 شیئرز کیلئے کمپنی کے ان ممبران جن کے نام مورخہ 20 اپریل 2020ء کو اختتام کاروبار ممبران کے رجسٹر میں موجود ہونگے کو جاری کرنے کیلئے مختص کردیئے جائیں گے اور یہ کہ بونس شیئرز ہر لحاظ سے موجودہ شیئرز کے مساوی ہونگے۔

مزید قرار پایا کہ حصص کا حامل کوئی بھی ممبر جو صحیح معنوں میں بونس شیئرز کی تقسیم پر پورا اترنے کی صورت میں ڈائریکٹرز ایسے تمام جز وباقی کرنے اور انہیں اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کرنے اور فروخت کی کارروائی کو مکمل کرکے تسلیم شدہ کسی قابل فلاحی ادارہ کو عطیہ کرنے جیسا کہ کمپنی کے ڈائریکٹرز سمجھے اختیار دیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری کو بونس شیئرز کی تقسیم، تخصیص اور اجراء کیلئے کئے جانیوالے ضروری اقدامات اور ذیلی قراردادوں کی موثر انجام دہی کیلئے کئے جانیوالے امور کی انجام دہی کا اختیار دیا جاتا ہے۔

6۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ مندرجہ ذیل قرارداد کی کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ترمیم (ترمیمات) توسیع/ترمیم یا بلا ترمیم اگر موزوں ہو تو اس کی غور و خوض اور منظوری۔

قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 (دی ''ایکٹ'') کی دفعہ 199 کی مندرجات کی تعمیل میں یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مبلغ=/500,000,000 روپے (صرف پانچ سو ملین روپے) کی حد تک بینک میں موجود حصص کی رقم کے ذریعے اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ میں ایکویٹی سرمایہ کاری کو توسیع دینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا سرمایہ کاری کے بعد کمپنی کی انتظامیہ کو اختیار حاصل ہے کہ اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ میں موجودہ رقم پر کمپنی کی ایکویٹی سرمایہ کاری کی بنیاد پر پیش کردہ رائٹ اری شُو ایشن کی مبلغ=/500,000,000 روپے (صرف پانچ سو ملین روپے) تک کی خریداری کر سکے۔

7۔ ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز (بشمول چیف ایگزیکٹیو آفیسر) کے معاوضے اور کمپنی کے بورڈ کے نان ایگزیکٹیو آزاد ڈائریکٹرز اور اس کی کمپنی کے اجلاس میں شرکت کی فیس پر غور و خوض اور اس کی منظوری۔

قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر/ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کو مناسب معاوضہ اور دیگر مراعات کی ادائیگی کی منظوری دی جاتی ہے اور نان ایگزیکٹیو آزاد ڈائریکٹرز کو بشمول بورڈنگ لاجنگ اور سفر کے اخراجات، فیس کی ادائیگی کمپنی پالیسی کے مطابق کی جائیگی۔

8۔ چیئرمین کی اجازت سے پیش کردہ کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت ٹھوس شواہد کی اسٹیٹمنٹ بحوالہ خصوصی قرارداد شامل کردہ ایجنڈہ آئٹم نمبر 4,5,6 اور 7 اجلاس کے نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے۔

کراچی: 03 اپریل 2020

بحکم

اطہر اے خان...... (کمپنی سیکریٹری)

نوٹس:

شیئرز ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کے ممبران کا رجسٹر اور شیئرز ٹرانسفر بکس مورخہ 21-04-2020 تا 27-04-2020 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ کمپنی کے رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروس (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ دفتر نمبر 1705، 17 ویں منزل صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی کو مورخہ 20-04-2020 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام سے قبل موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور بونس شیئرز کی اہلیت کے تعین کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

اجلاس عام میں شرکت

حصص کے بینیفیشل انفرادی اونرز اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شرکا آئی ڈی نمبرز اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے لازمی ساتھ لائیں۔ کاروباری ممبران کے نمائندے کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی اور نامزد کنندہ کے دستخط کے نمونہ ساتھ لانا ہوگا۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں درج کردہ ہدایات کی تعمیل کرنا ہوگی۔

نامزد ممبر جو اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ہو وہ کسی دوسرے ممبر کو بطور اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پروکسی کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کمرہ نمبر 204، مدینہ مال، عبداللہ ہارون روڈ کراچی کو اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں اور کاروباری دن کے کسی بھی حصہ کا حساب نہیں لیا جائیگا۔ ایک ممبر ایک سے زائد پروکسی مقرر نہیں کر سکتا۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی طرف سے ہدایت کی روشنی میں سرکلر نمبر 5 سال 2020، مورخہ 17 مارچ 2020 میں "حصص یافتگان کی سالانہ جنرل میٹنگ کے لئے کورونا وائرس کی ہنگامی منصوبہ بندی" کے سلسلے میں سالانہ اجلاس عام میں تمام حصص یافتگان اے جی ایم کے مجوزہ ایجنڈے کے لئے تبصرے/تجاویز ای میل کے ذریعے دے سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے شیئرز داران سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تفصیلات (جیسے فولیو نمبر/نام/سی این آئی سی نمبر/موبائل نمبر/ای میل ایڈریس) کمپنی سیکریٹری کو سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم 3 دن پہلے uicagmregistration@theunitedinsurance.com پر ای میل بھیج کر اندراج کرائیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام میں اپنی حاضری کو کم سے کم لوگوں میں پراکسی کے ذریعے یقینی بنائیں۔

ای میلز کے ذریعے دی گئیں شیئر ہولڈرز کی تجاویز میٹنگ میں زیر بحث لائی جائیں گی اور انہیں منٹس میں بھی درج کیا جائے گا۔

فزیکل شیئرز کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں ادائیگی

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 72 کے تحت ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی اس بات کی پابند ہے کہ کمیشن کی جانب سے مخصوص کردہ مطلع کردہ تاریخ اور ایسی مدت جو کہ ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زائد نہ ہو یعنی 31 مئی 2017، اپنے تمام فزیکل شیئرز کو بک انٹری کے ساتھ تبدیل کرے۔ فزیکل حصص یافتگی رکھنے والے حصص یافتگان سی ڈی سی کا ذیلی اکاؤنٹ کسی بھی بروکر کے ساتھ کھولیں یا سی ڈی سی کیساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولنے کا مشورہ دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں رکھیں۔ اس سے انہیں کئی طرح کی سہولیات ملیں گی جس میں محفوظ تحویل اور حصص کی فروخت شامل ہیں جب بھی وہ چاہیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد و ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

سالانہ مالیاتی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن بحوالہ ایس آر او نمبر 787(1) سال 2014 تاریخ 8 ستمبر 2014 میں کمپنیوں کو ای میل کے ذریعے اپنے ممبران کو سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بشمول آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ترسیل کرنے کی اجازت دیدی ہے جس کے مطابق ممبران سے استدعا ہے کہ وہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور بذریعہ ای میل نوٹس کی حصولی کیلئے اپنی رضامندی اور ای میل ایڈریس فراہم کردیں۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پُر کرکے اپنا/اپنی شناختی کارڈ کی کاپی/پاسپورٹ کے ساتھ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو ارسال کردیں۔

براہ کرم نوٹ کرلیں کہ ڈاک کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشوارے وصول کرنے کے بجائے ای میل ایڈریس دینا اختیاری ہے۔ اگر آپ اس سہولت سے فائدہ نہیں اٹھانا چاہتے تو براہ کرم اس نوٹس کو نظر انداز کردیں۔

سالانہ اکاؤنٹس کی ویب سائٹ پر دستیابی

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن (ایس آر او 1196(1) سال 2019) بتاریخ 3 اکتوبر 2019 کی تعمیل میں کمپنی کے مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com پر دستیاب ہیں۔

غیر دعوی شدہ ڈیویڈنڈز/شیئرز

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 244 (2) کے مطابق کمپنی کے جاری کردہ جو حصص اور منافع منقسمہ جاری کی تاریخ سے 3 سال تک لاداعی/غیر ادا شدہ ہیں حصص یافتگان کو نوٹس کے بعد کمیشن کے پاس جمع کردیئے جائینگے تاکہ فیڈرل گورنمنٹ کے حوالے کردیئے جائیں کمپنی کے جاری کردہ شیئرز اور اعلان کردہ ڈیویڈنڈ جو تین سال سے زائد عرصے تک لاداعی کی تفصیلات حصص یافتگان کو ارسال کردی گئی ہیں۔ حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ لاداعی/عدم ادا شدہ حصص اور ڈیویڈنڈ کے کلیم پر بروقت داخل کرنے کی یقین دہانی کرلیں۔ بصورت دیگر مقررہ مدت میں کلیمز داخل نہ کرانے پر کمپنی اخبارات میں نوٹس کی اشاعت کے بعد غیر ادا شدہ/لاداعی رقم اور حصص کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 244 کے تحت وفاقی حکومت کے حوالے کردے گی۔

پتہ میں تبدیلی (اگر ہو)

حصص یافتگان سے استدعا ہے کہ پتہ میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مندرجہ پتہ پر مطلع کریں۔ میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروس (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ آفس نمبر 1705، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔ 74000

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت اسٹیٹمنٹ

اس اسٹیٹمنٹ میں مورخہ 27 اپریل 2020 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں ''خصوصی امور'' سے متعلق لین دین کیلئے ٹھوس حقائق شامل کئے گئے ہیں۔ کمپنی کے ممبران کی منظوری کیلئے یہ مطالبہ کیا جائیگا کہ:

آئٹم نمبر 4(A) متعلقہ فریقوں سے لین دین

متعلقہ کمپنیوں (متعلقہ فریقوں) کے ساتھ عمومی طور پر کاروبار میں ہونے والے لین دین کو بورڈ کے ذریعہ منظوری دی گئی تھی جو کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی دفعہ 15 کے تحت سہ ماہی کی بنیاد پر آڈٹ کمیٹی کے ذریعے تجویز کی گئی تھی۔

متعلقہ کمپنیوں کے ساتھ مورخہ 31 دسمبر 2019ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران ہونے والے لین دین کو آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے متعلقہ نوٹ میں واضح ہیں حصص یافتگان کو ان کے غور و خوض اور منظوری/توثیق کیلئے پیش کرنا ہونگے۔ ڈائریکٹرز ایسے متعلقہ فریقوں کے ساتھ صرف اپنی عمومی ڈائریکٹرشپ کی حد تک قرارداد میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

آئٹم نمبر 4(B) مورخہ 31 دسمبر 2010 کو ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ فریق سے لین دین کی منظوری کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اجازت

کمپنی عمومی طور پر کاروبار میں "متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کے سلسلے میں منظور شدہ پالیسی کے مطابق 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ فریقوں کیساتھ لین دین کرتی ہے۔ ڈائریکٹرز کی اکثریت ذیلی لین دین میں منسلکہ/حصولی کمپنی میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹر شپ کے تحت دلچسپی رکھتے ہیں۔ شفاف کاروباری طریقہ کار کے فروغ کیلئے حصص یافتگان مورخہ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والی سال کیلئے وقتاً فوقتاً کیس کی بنیاد پر متعلقہ فریقوں کے ساتھ معاہدوں کی منظوری کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دینے کے خواہشمند ہیں جو لین دین حصص یافتگان کی جانب سے منظور سمجھا جائیگا۔

ایسے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی نوعیت اور دائرہ کار کی مندرجہ بالا وضاحت کی گئی ہے۔ یہ لین دین حصص یافتگان کے روبرو آئندہ سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ منظوری/توثیق کیلئے پیش کیا جائیگا۔ ڈائریکٹرز ایسے فریقوں سے صرف اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی حد تک قرارداد میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

آئٹم نمبر 5: بونس شیئرز کا اجراء

بونس کا اجراء قواعد و ضوابط کے تحت طے کیا جائیگا۔ ڈائریکٹرز مورخہ 31 دسمبر 2019 کے مطابق کمپنی کے اثاثہ جات اور منافع جات کے بارے میں مطمئن ہیں اور اس امر کے تحت بونس شیئرز کے اجراء کی سفارش کی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز کا بلا واسطہ یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ماسوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز ہیں۔

آئٹم نمبر 6: اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ میں ایکویٹی سرمایہ کاری

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 134 کی ذیلی دفعہ 3 کی تعمیل میں کمپنی کی جانب سے اعلان کردہ مندرجہ ذیل معلومات کا بیانیہ نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔ جس میں ایکٹ کی دفعہ 199 کے تحت سرمایہ کاری کے فیصلے پر غور و خوض کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

ریگولیشن نمبر 3(1)(a): تمام اقسام کی سرمایہ کاری کا اعلامیہ منسلکہ کمپنی کی ضمن میں اعلامیہ

A۔ منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامہ کے بیان میں:

i	منسلکہ کمپنی کا نام	اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ
ii	تعلقات کی بنیاد	منسلکہ کمپنی
iii	آمدنی/(خسارہ) فی شیئر برائے گزشتہ تین سال	مختتمہ سال دسمبر 2017 (0.35) مختتمہ سال دسمبر 2018 (0.30) مختتمہ سال دسمبر 2019 0.17
iv	بریک اپ قدر فی شیئر تازہ ترین مالیاتی گوشواروں پر مبنی	بریک اپ قدر فی شیئر تازہ ترین مالیاتی گوشواروں بمطابق 31 دسمبر 2019 کے تحت 10 روپے ہے
v	مالیاتی پوزیشن بشمول تازہ ترین مالی گوشواروں کی بنیاد پر مالی حیثیت اور منافع اور خسارہ کے اکاؤنٹ کا اہم آئٹم	مورخہ 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونیوالے سال کے مالیاتی گوشواروں کے مطابق کل اثاثے = 20,543 ملین کل واجبات = 1.874 ملین کل ریونیو = 2.899 ملین منافع بعد از ٹیکس = 53.525 ملین
vi	متعلقہ کمپنی کے منصوبے کے سلسلے میں سرمایہ کاری کی صورت میں یا متعلقہ اقرار نامہ جس کے تحت کارروائی کا آغاز نہیں ہوا' کی مندرجہ ذیل مزید معلومات بتانا۔	نا قابل اطلاق
	(i)۔ منصوبے کی تفصیل اور اس کے آغاز کی تاریخ۔	نا قابل اطلاق
	(ii)۔ تاریخ آغاز اور کام کی تاریخ تکمیل۔	نا قابل اطلاق
	(iii)۔ وہ وقت جب ایسے منصوبہ کا تجارتی طور پر عملدرآمد کیا جائیگا۔	نا قابل اطلاق
	(iv)۔ متوقع وقت جب منصوبے پر سرمایہ کاری سے منافع حاصل ہوگا۔	نا قابل اطلاق
	(v)۔ سرمایہ کار شدہ فنڈ یا پرموٹرز کی جانب سے لگایا جانے والا سرمایہ' اسپانسر' منسلکہ کمپنی یا اس سے منسلک انڈر ٹیکنگ جس میں نقد اور غیر نقد رقم کے درمیان فرق کیا گیا ہو۔۔	نا قابل اطلاق

B۔ عمومی اعلامیہ

i	زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کی جانے والی رقم	مبلغ 500,000,000 روپے (صرف پانچ سو ملین روپے)
ii	مقاصد' فوائد جو سرمایہ کار کمپنی اور اس کے ممبران کو اس طرح کی سرمایہ کاری اور سرمایہ کاری کی مدت سے حاصل ہوں	اس طویل مدتی حکمت عملی کے تحت سرمایہ کاری سے آمدنی اور مستقبل میں ممکنہ سرمایہ کو فائدہ ہوگا
iii	سرمایہ کاری کیلئے استعمال ہونے والے فنڈز کے ذرائع اور جہاں ادھار فنڈز کے ذریعے سرمایہ کاری کا ارادہ ہو:	قابل اطلاق نہیں کیونکہ سرمایہ کاری کمپنی کے اپنے فنڈز سے کی جائے گی
	(i)۔ قرض کے ذریعے سرمایہ کاری کا جواز (ii)۔ ضمانت کی تفصیل' فراہم کردہ گارنٹی اور ایسے فنڈز کی حصولی کیلئے گروی شدہ اثاثہ (iii)۔ لاگت کے فوائد کا تجزیہ	
iv	معاہدے کی نمایاں خصوصیات' اگر ہوں تو منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامہ کی ضمن میں مجوزہ سرمایہ کاری	قابل اطلاق نہیں کیونکہ حصص وقتاً فوقتاً خریدے جائیں گے
v	ڈائریکٹرز' اسپانسرز' اکثریتی حصص یافتگان اور ان کے رشتہ داروں کی بلا واسطہ یا بلواسطہ دلچسپی' اگر ہو تو منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامہ یا زیر غور لین دین کے تحت	کوئی بھی ڈائریکٹر' کفیل، چیف ایگزیکٹیو سرمایہ کاری میں مفاد نہیں رکھتا
vi	منسلکہ کمپنی یا منسلکہ اقرار نامہ کے تحت اگر پہلے ہی سرمایہ کاری کی جا چکی ہو تو' ایسی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول مکمل معلومات/جواز برائے کسی نقصان یا تنسیخ	دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اپنا مائیکرو فنانس بینک کی منسلکہ کمپنی ہے اور اسکی اپنا مائیکرو فنانس بینک میں ہولڈنگ 44.50% شیئرز ہیں۔ اپنا بینک نے ماضی کے خسارے کو ریکور کرلیا ہے اس نے 2018 میں 23.70 ملین کا منافع کمایا جب کہ 2019 میں اس کا منافع 23.80 ملین ہے۔
vii	ممبران کیلئے لین دین کو سمجھنے کیلئے دیگر ضروری معلومات	کچھ نہیں

(b)۔ ایکویٹی سرمایہ کاری کی ضمن میں اضافی اعلامیہ

i	زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکیورٹیز حاصل کی جائیں	اسٹاک کی مناسب قیمت
ii	اگر خریداری کی قیمت محدود سیکیورٹیز کی صورت میں مارکیٹ ویلیو سے زائد ہے اور غیر فہرست سیکیورٹیز کی صورت میں مناسب قیمت ہے تو اس کا جواز	فی حصص قیمت پر حصص خریدے جائیں گے
iii	زیادہ سے زیادہ سیکیورٹیز کی حاصل کردہ تعداد	سرمایہ کاری کی رقم کے مساوی
iv	مجوزہ سرمایہ کاری سے پہلے اور بعد از سیکیورٹیز کی تعداد اور شرح فیصد	اپنا مائیکرو فنانس بینک یونائیٹڈ انشورنس کمپنی کا موجودہ شیئر 44.50% ہے اور مستقبل میں بھی اسی تناسب کو 47.50% تک برقرار رکھا جائے گا۔
v	موجودہ اور گزشتہ بارہ ہفتوں کے وزن میں اوسط مارکیٹ قیمت جہاں درج سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہو	موجودہ مارکیٹ قیمت 21.78 اور اوسط قیمت 21.19 ہے
vi	غیر فہرست سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کیلئے ضمنی ضابطہ (1) ریگولیشن 5 کی شرائط میں مقرر کردہ مناسب قیمت	نا قابل اطلاق

آئٹم نمبر 7: ڈائریکٹرز کا معاوضہ

چیف ایگزیکٹیو آفیسر/ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کے معاوضے' مراعات اور دیگر معاون فوائد کیلئے اور نان ایگزیکٹیو/آزاد ڈائریکٹرز کی فیس بشمول بورڈنگ لاجنگ اور سفری اخراجات کی حقیقی بنیاد پر کمپنی کی پالیسی کے تحت ادائیگی کیلئے ایوان کی منظوری درکار ہوگی۔